سوال

کیا مرد چاندی کی چین پہن سکتے ہیں؟ مردوں کے لیے چاندی کے کون کون سے زیورات پہننا جائز ہے؟ اور چاندی کی کتنی مقدار مردوں کے لیے جائز ہے؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالی نے سونا پہننا مردوں پر حرام کیا ہے جیسا کہ سیدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ریشم اپنے دائیں ہاتھ اور سونا اپنے بائیں ہاتھ میں پکڑا، پھر فرمایا:

إِنَّ هذينِ حَرَامٌ علی ذُكُورِ أُمَّتِي (سنن أبي داود، اللباس: 4057 سنن نسائی، الزينة: 5144)

بلاشبہ یہ دونوں میری امت کے مردوں پر حرام ہیں۔

البتہ چاندی کی انگوٹھی پہننا جائز ہے لیکن انگوٹھی میں چاندی کی مقدار اتنی زیادہ نہ ہو کہ وہ اسراف کے زمرے میں جائے۔

سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے چاندی کی ایک انگوٹھی بنوائی وہ انگوٹھی آپ کے ہاتھ میں تا وفات رہی۔ آپ کے بعد سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں، پھر سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں رہتی تھی، حتی کہ وہ اریس کے کنویں میں گر گئی۔ اس پر "محمد رسول اللہ" کندہ تھا۔ (صحيح البخاري، اللباس: 5873)

01. چاندی کی چین یا کنگن وغیرہ پہننا مردوں کے لیے حرام ہے کیونکہ اس سے عورتوں کی مشابہت لازم آتی ہے اور عورتوں سے مشابہت اختیار کرنے والے مردوں پر لعنت کی گئی ہے سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

لَعَنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ الْمُتَشَبِّهِينَ مِنَ الرِّجَالِ بِالنِّسَاءِ، وَالْمُتَشَبِّهَاتِ مِنَ النِّسَاءِ بِالرِّجَالِ (صحيح البخاري، اللباس: 5885)

رسول اللہ ﷺ نے "ان مردوں پر لعنت کی ہے جو عورتوں کی چال ڈھال اختیار کریں اور ان عورتوں پر بھی لعنت کی ہے جو مردوں کی مشابہت کرتی ہیں۔"

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی

فضیلۃ الشیخ عبد الخالق حفظہ اللہ